وعدہ خلافی کی صورتیں اور احکام

مجیب: ابو محمد محمد فراز عطاری مدنی زید مجدہ

فتوی نمبر: Web:29

تاریخ اجراء: 01 جمادی الاولی 1442ھ / 17 دسمبر 2020ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کسی سے کوئی جائز وعدہ کیا مگر کسی مجبوری کی وجہ سے اسے پورا نہ کر سکے تو کیا یہ بھی وعدہ خلافی ہو گی؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

وعدہ خلافی کی تین صورتیں ہیں: 1۔ وعدہ کرتے وقت ہی دل میں یہ ہو کہ میں نے وعدہ پورا نہیں کرنا۔ یہ صورت ناجائز و گناہ ہے جبکہ بلا اجازت شرعی ہو، اور حقیقت میں یہی وعدہ خلافی ہے۔ 2۔ دوسری صورت یہ ہے کہ وعدہ کرتے وقت دل میں پکا ارادہ ہے کہ میں یہ وعدہ پورا کروں گا پھر کسی ایسے عذر کی وجہ سے وعدہ پورا نہ کر سکا کہ وہ عذر، وعدہ پورا کرنے سے زیادہ ترجیح رکھتا ہے تو اب بھی کوئی گناہ نہیں ہے بلکہ کوئی کراہت بھی نہیں ہے۔ 3۔ تیسری صورت یہ ہے کہ بغیر کسی عذر کے ہی وعدہ پورا نہ کیا تو یہ صورت بھی اگرچہ گناہ نہیں ہے، مگر مکروہ تنزیہی ہے۔

سیدی اعلیٰ حضرت امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ "خلف وعدہ جس کی تین صورتیں ہیں اگر وعدہ سرے سے صرف زبانی بطور دنیاسازی کیا اور اسی وقت دل میں تھا کہ وفا نہ کریں گے تو بے ضرورت شرعی وحالت مجبوری سخت گناہ و حرام ہے ایسے ہی خلاف وعدہ کو حدیث میں علامات نفاق سے شمار کیا۔۔۔ اور اگر وعدہ سچے دل سے کیا پھر کوئی عذر مقبول و سبب معقول پیدا ہوا تو وفا نہ کرنے میں کچھ حرج کیا، ادنیٰ کراہت بھی نہیں جبکہ اس عذر و مصلحت کو اس وفائے وعدہ کی خوبی و فضیلت

پر ترجیح ہو۔۔۔اور اگر کوئی عذر و مصلحت نہیں بلاوجہ نسبت چھڑائی جاتی ہے تو یہ صورت مکروہ تنزیہی ہے۔۔۔یہ بات اس تقدیر پر بے جا وخلاف مروت ہے ، مگر حرام وگناہ نہیں، حضور سید العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:"لیس الخلف ان یعد الرجل ومن نیته ان یفی ولکن الخلف ان یعد الرجل ومن نیته ان لا یفی۔" یعنی وعدہ خلافی یہ نہیں کہ آدمی وعدہ کرے اور اس کی نیت اس وعدہ کو پورا کرنے کی ہو، بلکہ وعدہ خلافی یہ ہے کہ آدمی وعدہ کرے اور اس کی نیت وعدہ پورا کرنے کی نہ ہو۔"

(ملخص از فتاوی رضویہ، جلد12، صفحہ281تا283، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftAhlesunnat
Dar-ul-Ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net